☆ **اذان**، حبیب الرحمٰن ہاشمی۔ ناشر: مکتبہ قاسمیہ، ملتان۔ صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ۶۰ روپے۔[اذان کے احکام، مسائل، اہمیت وفضیلت، فوائد، احتیاطیں، اسلامی تاریخ میں اس کی روایت اور موذن کا مقام و مرتبہ وغیرہ پر ایک مفید کتاب]۔

☆ **جزیرہ کی بازیافت**، ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی۔ ناشر: فاران اکیڈمی، اقرا کالونی، علی گڑھ، یوپی، بھارت۔ صفحات: ۵۶۔ قیمت: ۳۰ روپے۔[بمبئی سے ۱۶۵ کلومیٹر دور واقع ریاست جنجیرہ (جزیرہ کی بگڑی ہوئی شکل) کے سفر کی ایک روداد۔ مصنف کی علمیت، شعری ذوق اور دل کش اسلوب نے اس روداد کو بہت دل چسپ بنا دیا ہے۔]

☆ **جمعہ کی چھٹی کی دینی وقومی اہمیت**، مولانا عامر عثمانی۔ ناشر: مکتبہ الحجاز پاکستان۔ ۲۱۹-۱ے بلاک سی، الحیدری، شمالی ناظم آباد، کراچی-۷۴۷۰۰۔ صفحات: ۱۶۔ قیمت: ۵ روپے۔[یومِ جمعہ کی فضیلت واہمیت اور جمعہ بطور تعطیل پر دل چسپ، مدلل اور اثر آفریں تحریر۔]

☆ **سورۃ الفاتحہ کے درس**، خرم مراد، تدوین: امجد عباسی۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۷۲۔ قیمت: ۲۱ روپے۔[سورۃ الفاتحہ کے چار محفوظ دروس کی تحریری ترتیب وتدوین۔ دل نشین انداز اور عام فہم اسلوب میں دین کی بنیادی باتوں کا بیان۔ عنوانات: خلاصہ مضامین، شانِ نزول، اللہ کا تصور، شانِ ربوبیت، شانِ رحمت، شانِ عدل، بندگی اور عبادت، صراطِ مستقیم، ہدایت یافتہ لوگ--- تعلیمی، تربیتی اور دعوتی لحاظ سے ایک مفید کتاب۔]

تبصرے کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔ (ادارہ)

آزاد کشمیر میں ترجمان القرآن حاصل کیجیے

- **فروغ اسلام نیوز ایجنسی**، چڑالہ، تحصیل دھیرکوٹ، ضلع باغ
- **فرینڈز سٹیشنری اینڈ بُک سٹال**، مقام وڈاک خانہ تھوراڑ، ضلع پونچھ
- **مسٹر بُکس**، کچہری چوک، راولاکوٹ، پونچھ
- **کشمیر بُک ڈپو**، مقام وڈاک خانہ منگ، تحصیل سدھنوتی، پلندری
- **شاھد بُک ڈپو**، سیکٹر نمبر 3، ڈڈیال
- **چودھری بُک ڈپو**، شہید چوک، کوٹلی